## سوال

(16)بیماری کے خوف سے حج یا عمرہ نہ کرنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر محرم کو یہ ڈر ہو کہ وہ کسی بیماری یا خوف کی وجہ سے حج یا عمرہ ادا نہیں کر پائے گا تو اسے کیا کرنا چاہیے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!
الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

ایسا شخص احرام کے وقت یہ کہے کہ (اگر مجھے کسی جگہ کوئی مانع پیش آگیا تو میرا احرام وہیں کھل جائے گا) سنت یہی ہے اگر مانع پیش آنے کا ڈر ہو تو شرط لگا دے کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے کہ جب ضباعہ بنت الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہا بن عبد المطلب نے آپ سے کسی مرض کا شکوہ کیا تو آپ نے ان کو ایسا ہی کرنے کا حکم دیا تھا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## حج بیت اللہ اور عمرہ کے متعلق چند اہم فتاوی

**صفحہ: 26**

محدث فتویٰ